130596 ـ کسی غیر ملکی سے شادی کرنا

سوال

میں سعودی ہوں اور میرے لیے ایك اچھی ملازمت اور اچھے اخلاق کے مالك دیندار شخص کا رشتہ آیا ہے، کسی مسلمان شخص کا دوسرے غیر ملکی عربی مسلمان شخص سے شادی کرنے کا حکم کیا ہے، جواب دینے پر اللہ آپ کو جزائے خر عطا فرمائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خاوند اور بیوی کے لیے ایك ہی ملك کی شہریت والے ہونا شرط نہیں، اور نہ ہی یہ شادی کا معیار ہے، بلکہ مطلوب تو یہ ہے کہ عورت کی جانب سے دین ایك ہو، اگر حالت وہی ہے جو آپ نے بیان كي ہے تو شرعی طور پر آپ کے لیے اس مصری شخص سے شادی کرنے میں کوئی مانع نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ آپ کا ولی اس شادی پر راضی ہو.

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص آئے جس کا دین اور اخلاق تمہیں پسند ہو تو اس سے (اپنی بچی کا) نکاح کر دو اگر ایسا نہیں کروگے تو زمین میں وسیع و عریض فتنہ بپا ہو گا "

سنن ترمذی حدیث نمبر (1084) ترمذی نے اسے حسن غریب کہا ہے، سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1967) اور سنن البیہقی الکبری (7 / 82).

علامہ البانی رحمہ اللہ نے الارواء الغلیل حدیث نمبر (1868) اور صحیح سنن ترمذی حدیث نمبر (865) اور (866) میں اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے.

اور ہم یہ نصیحت کرتے ہیں کہ آپ اس طرح کی شادیوں میں ذرا غور کریں اور دونوں ملکوں کی عادات کو بھی دیکھیں کہ کہیں یہ بعد میں آپ کے ازدواجی تعلقات پر اثرانداز نہ ہو، اور آپ اس معاملہ کو سمجھنے کی کوشش کریں جو بعد میں ان شاء اللہ آپ دونوں کو جمع رکھ سکے.

واللہ اعلم .